10302- عیسی بن مریم اور امام مہدی

سوال

امام مہدی اور مسیح علیہ السلام میں کیا فرق ہے ؟

پسندیدہ جواب

امام مہدی منتظر کے متعلق نصوص سے یہ ثابت ہے کہ وہ آخری زمانے میں پائے جائیں گے اور وہ عدل کرنے والے امام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد سے ہوں گے اور وہ معصوم نہیں جیسا کہ عیسی علیہ السلام ہیں جن کے متعلق تواتر کے ساتھ احادیث اور نصوص آئی ہیں کہ وہ آخری زمانے میں نزول فرمائیں گے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے مطابق فیصلے کریں گے ۔

توان دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام نبی ہیں اور امام مہدی عادل امام ہیں ۔

اور مسیح الدجال کی مزید تفصیل دیکھنے کے لئے سوال نمبر 8806 کا مراجعہ کریں

واللہ اعلم .